غیبت سننے کا کیا حکم ہے؟

مجیب: ابواحمد محمدانس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-1658

تاریخ اجراء: 28شوال المکرم1444ھ/19مئی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی غیبت کرے تو کیا سننے والا بھی اسی طرح گنہگار ہوگا، جس طرح غیبت کرنے والا ہوتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! جس طرح بلا اجازت شرعی غیبت کرنا گناہ ہے، اسی طرح بلا اجازت شرعی غیبت سننا بھی گناہ ہے لہذا جس کے سامنے غیبت کی جائے اس پر لازم ہے کہ غیبت کرنے والے سے کہہ دے کہ میرے سامنے اس کی برائی نہ کرو۔ اور اگر اس طرح کہنے میں کسی فتنے وغیرہ کا اندیشہ ہو تو دل سے اسے برا جانے اور اگر ممکن ہو تو وہاں سے اٹھ جائے یا اس کی بات کاٹ کر دوسری بات شروع کر دے، اگر ایسا نہ کیا تو سننے والا بھی گنہگار ہوگا۔

جامع الاحادیث للسیوطی میں حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالی عنھما سے مروی ہے"نهى عن الغناء والاستماع إلى الغناء وعن الغيبة والاستماع إلى الغيبة وعن النميمة والاستماع إلى النميمة" ترجمہ: نبی اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے گانا گانے اور گانا سننے، غیبت کرنے اور غیبت سننے، چغلی کھانے اور چغلی سننے سے منع فرمایا۔

(جامع الاحادیث، ج8، ص30، حدیث24200، دار الفکر، بیروت)

حضرتِ علامہ عبد الرءُوف مُناوِی علیہ رحمۃ اللہ الہادی فرماتے ہیں: "غیبت سننے والا بھی غیبت کرنے والوں میں سے ایک ہوتا ہے۔" (فیضُ القدیرج3 ص612 تحتَ الحدیث3969)

بہار شریعت میں ہے "جس کے سامنے کسی کی غیبت کی جائے اسے لازم ہے کہ زبان سے انکار کر دے مثلاً کہہ دے کہ میرے سامنے اس کی برائی نہ کرو۔ اگر زبان سے انکار کرنے میں اس کو خوف واندیشہ ہے تو دل سے اسے برا جانے اور اگر ممکن ہو تو یہ شخص جس کے سامنے برائی کی جارہی ہے، وہاں سے اٹھ جائے یا اس بات کو کاٹ کر کوئی دوسری بات شروع کر دے، ایسا نہ کرنے میں سننے والا بھی گناہ گار ہوگا، غیبت کا سننے والا بھی غیبت کرنے والے کے حکم میں

ہے۔حدیث میں ہے "جس نے اپنے مسلم بھائی کی آبرو غیبت سے بچائی،اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر یہ ہے کہ وہ اسے جہنم سے آزاد کردے۔"(بہارشریعت،ج03،حصہ16،ص537-538،مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net